2019年4月15日ジャング紙ラホール版2面

تجھے نماز کی فرصت نہیں تعجب ہے

صبح صادق	4:10	فجر	5:00
ظہر	1:30	عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب	عشاء	8:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل			
ظہرین	1:00 تا 1:30		
مغربین	غروب آفتاب سے 10 منٹ بعد		
غروب آفتاب	6:31	طلوع آفتاب	5:23

نوٹ: یہ اوقات نماز لاہور کیلئے ہیں، دوسرے شہروں کے رہنے والے اپنے مقامی وقت کے مطابق نماز ادا کریں۔

اپنی مصروفیات میں موسم کو سامنے رکھیں

لاہور (نیٹ نیوز) لاہور میں آج موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ شہر میں آج زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 سنٹی گریڈ اور کم سے کم درجہ حرارت 23 سنٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔

سکھ یاتریوں کیلئے بہترین رہائش اور سکیورٹی کے انتظامات کیے گئے ہیں، اعجاز عالم آگسٹن

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) صوبائی وزیر انسانی حقوق و اقلیتی امور اعجاز عالم آگسٹین نے سکھ برادری کو بیساکھی کی خوشیاں منانے اور مذہبی مقامات کی سیر کرنے کے مقصد سے پاکستان آنیوالی سکھ برادری کو خوش آمدید اور بیساکھی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ خوشی کے اس موقع پر پاکستان کی جانب سے لگ بھگ 2200 سکھوں کو ویزے جاری کردیئے گئے ہیں جسکے باعث 12 اپریل سے 22 اپریل تک سکھ یاتریوں کی بڑی تعداد بیساکھی کی تقریبات کے لئے پاکستان آسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا یہ اقدام مذہبی اور ثقافتی ہم آہنگی کا مظہر ہے جبکہ دورے کے دوران سکھ یاتری کرتار پور، پنجا صاحب اور ننکانہ صاحب کے دورے کرسکیں گے۔

حسن ابدال میں بیساکھی میلہ اور خالصہ جنم دن کی تقریب

لاہور (نمائندہ جنگ) سکھ مذہب کے روایتی تہوار بیساکھی میلہ اور خالصہ جنم دن کی 321 ویں تقریب ہوئی، بھارت سمیت دنیا بھر سے آئے ہزاروں سکھ یاتریوں نے شرکت کی، بیساکھی میلہ کی تقریب گوردوارہ پنجہ صاحب حسن ابدال میں منعقد ہوئی۔